**ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639**

# پریس ریلیز

**کراچی27جون 2022؁۔**

**رواں سال 27 جون سے شروع ہونیوالی پولیوڈراپس مہم کے حوالے سے پرآئی جی سندھ غلام نبی میمن کی جانب سے پولیس کو رہنمابدایات۔**
**پولیو ڈراپس مہم کی سیکیورٹی کے جملہ اقدامات کو تھانہ جات کی سطح پرمضبوط روابط کے تحت یقینی بنایاجائے۔**

**ممکنہ حساس یونین کونسلزمیں انراورآؤٹر کارڈن کی بنیاد پر پولیو ٹیمز کو سیکیورٹی فراہم کی جائے۔**
**ایسی تمام یوسیز میں پولیس کمانڈوز کو خصوصی ذمہ داریاں دی جائیں۔**

**حساس یوسیزمیں متعلقہ پولیس اور کمانڈوز کے ساتھ ساتھ سادہ لباس اہلکاروں کو بھی تعینات کیا جائے۔**
**رینڈم اسنیپ چیکنگ،پکٹنگ اور پیٹرولنگ کے دوران مستعداورچوکنا رہتے ہوئےکڑی نگرانی، مشتبہ ومشکوک سرگرمیوں پرنگاہ رکھی جائے۔**

**پولیوڈراپس مہم کے علاقوں میں ٹھوس سیکیورٹی کے ضمن میں رابطوں اور معلومات کی شیئرنگ کوہرسطح پر یقینی بنایاجائے۔**
**ضلعی ایس ایس پیز سیکیورٹی اقدامات کی مانیٹرنگ اورمتعلقہ ایس ایچ اوزکو علاقوں میں موجود رہنےکاپابند بنائیں۔**

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-